



# شادی قران کے مطابق

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

**اللہ کے نظام تخلیق میں شوھر اور بیوی ایک جوڑا ہیں** — 78:08 النبا

| | |
|---|---|
| وَّخَلَقۡنٰكُمۡ اَزۡوَاجًا | اور ہم نے پیدا کیا تم کو جوڑا جوڑا ۔ |

**شوھر اور بیوی ایکدوسرے کے لئے ہیں** — 4:01 النسا

| | |
|---|---|
| يٰۤاَيُّهَا النَّاسُ اتَّقُوۡا رَبَّكُمُ الَّذِىۡ خَلَقَكُمۡ مِّنۡ نَّفۡسٍ وَّاحِدَةٍ وَّخَلَقَ مِنۡهَا زَوۡجَهَا وَبَثَّ مِنۡهُمَا رِجَالًا كَثِيۡرًا وَّنِسَآءً‌ ۚ وَاتَّقُوا اللّٰهَ الَّذِىۡ تَسَآءَلُوۡنَ بِهٖ وَالۡاَرۡحَامَ‌ ؕ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلَيۡكُمۡ رَقِيۡبًا | اے لوگوں ڈرو اپنے رب سے جس نے پیدا کیا تم کو ایک جان سے اور پیدا کیا اسی سے اس کا جوڑا اور پھیلا دیئے ان دونوں سے کثرت سے مرد اور عورتیں ۔ اور ڈرتے رہو اللہ سے وہ ہستی کہ سوال کرتے ہو تم ایک دوسرے سے جس کے واسطے سے اور رشتوں سے ۔ بیشک اللہ ہے تم پر نگہباں۔ |

**دعا کریں کہ اللہ صالحہ بیوی ۔ صالح شوہر عطا فرمائے** — 25:74 الفرقان

| | |
|---|---|
| وَالَّذِيۡنَ يَقُوۡلُوۡنَ رَبَّنَا هَبۡ لَنَا مِنۡ اَزۡوَاجِنَا وَ | اور وہ جو کہتے ہیں ہمارے رب عطا فرما ہم کو ہماری |

| | |
|---|---|
| ذُرِّيّٰتِنَا قُرَّةَ اَعْيُنٍ وَّاجْعَلْنَا لِلْمُتَّقِيْنَ اِمَامًا | بیویوں سے اور ہماری اولاد سے ٹھنڈک آنکھوں کی اور بناہمیں پرہیزگاروں کا پیشوا۔ |

**اللہ نے شوہر اور بیوی کے درمیان رحمت اور محبت رکھی ہے** — 30:21 الروم

| | |
|---|---|
| وَ مِنْ اٰيٰتِهٖۤ اَنْ خَلَقَ لَكُمْ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ اَزْوَاجًا لِّتَسْكُنُوْۤا اِلَيْهَا وَجَعَلَ بَيْنَكُمْ مَّوَدَّةً وَّرَحْمَةً ؕ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يَّتَفَكَّرُوْنَ | اور اسکی نشانیوں میں سے ہے کہ اس نے پیدا کیں تمہارے لئے تمہاری ہی جنس سے بیویاں تاکہ تم سکون حاصل کرو انکے پاس اور پیدا کر دی اس نے تمہارے درمیان محبت اور رحمت ۔ بیشک اس میں نشانیاں ہیں ان لوگوں کے لئے جو غور کرتے ہیں ۔ |

**شادی میں بیوی راحت ہے اور دعا کریں نیک اولاد کی** — 07:189 الاعراف

| | |
|---|---|
| هُوَ الَّذِيْ خَلَقَكُمْ مِّنْ نَّفْسٍ وَّاحِدَةٍ وَّ جَعَلَ مِنْهَا زَوْجَهَا لِيَسْكُنَ اِلَيْهَا ۚ فَلَمَّا تَغَشّٰىهَا حَمَلَتْ حَمْلًا خَفِيْفًا فَمَرَّتْ بِهٖ ۚ فَلَمَّاۤ اَثْقَلَتْ دَّعَوَا اللّٰهَ رَبَّهُمَا لَئِنْ اٰتَيْتَنَا صَالِحًا لَّنَكُوْنَنَّ مِنَ الشّٰكِرِيْنَ | وہ ہی تو ہے جس نے پیدا کیا تم کو ایک جان سے ۔ اور بنایا اس سے اس کا جوڑا تاکہ راحت حاصل کرے وہ اس سے۔ سو جب ڈھانک لیا اس نے اسکو تو اٹھالیا اس نے حمل ہلکا سا پھر وہ لیے پھری اسے۔ پھر جب وہ ہو گئی بوجھل تو پکارا انہوں نے اللہ کو جو ان دونوں کا رب ہے کہ اگر عطا فرمائے تو ہمیں صحیح و سالم بچہ تو یقیناً ہم ہوں گے شکرگذاروں میں سے۔ |

**اللہ نے نسل انسانی کو بیوی اور اولاد کے ذریعہ سے قائم کیا ہے** — 16:72 النحل

| | |
|---|---|
| وَ اللّٰهُ جَعَلَ لَكُمْ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ اَزْوَاجًا وَّ جَعَلَ لَكُمْ مِّنْ اَزْوَاجِكُمْ بَنِيْنَ وَ حَفَدَةً وَّ رَزَقَكُمْ مِّنَ الطَّيِّبٰتِ ؕ اَفَبِالْبَاطِلِ يُؤْمِنُوْنَ وَبِنِعْمَتِ اللّٰهِ هُمْ يَكْفُرُوْنَ ۙ | اور اللہ نے بنائیں تمہارے لئے تم میں سے بیویاں اور بنائے تمہارے لئے تمہاری بیویوں سے بیٹے اور پوتے اور رزق دیا تمہیں پاکیزہ چیزوں میں سے۔ تو کیا باطل پر یہ اعتقاد رکھتے ہیں اور اللہ کی نعمت سے یہ انکار کرتے ہیں۔ |

# نکاح کی تقریب

یہ بہتر ہے کہ دلہن یا دولہا کے والد خطبہ نکاح کی تقریب انجام دیں -شادی شدہ جوڑے کے لئے یہ فخراور یادگار واقعہ رہیگا-

خطبہ نکاح عربی میں پڑھیں اور ترجمہ بھی پڑھیں-

شادی کی اہمیت کو واضح کرنے کے لئے مندرجہ ذیل نکات بتائیں

* اللہ نے انسانوں کو شادی کرنے کا حکم اور اسکی ترغیب دی ہے-

* شادی مرد اور عورت کے درمیان مقدس رشتہ ہے

*شادی ایک دینی ذمہ داری پوری کرتی ہے اللہ کی رضا حاصل کرنے کے لئے-

* شادی نبی محمد (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کی سنت ہے-

## خطبۃ النکاح

| | |
|---|---|
| أَلْحَمْدُ لِلّٰهِ نَحْمَدُهُ وَ نَسْتَعِيْنُهُ وَ نَسْتَغْفِرُهُ | تمام تعریف اللہ کے لئے ہے- ہم اسی کی تعریف کرتے ہیں-اور ہم اسی سے مدد مانگتے ہیں-اور ہم اسی سے استغفار کرتے ہیں- |
| وَ نَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنْ شُرُوْرِ أَنْفُسِنَا وَ مِنْ سَيِّئَاتِ أَعْمَالِنَا | اورپناہ مانگتے ہیں ہم اللہ کی شر سے اپنے نفسوں کی- اور برائیوں سے اپنے اعمال کی- |
| مَنْ يَّهْدِهِ اللّٰهُ فَلَا مُضِلَّ لَهُ وَ مَنْ يُّضْلِلْهُ فَلَا هَادِيَ لَهُ | وہ جسکو ہدایت دے اللہ تو نہیں ہے کوئی گمراہ کرنے والا اسکا-اور جسکو وہ گمراہی میں چھوڑدے تو نہیں ہے ہدایت دینے والا اسکو - |

| | |
|---|---|
| وَ أَشْهَدُ أَنْ لَّآ إِلٰهَ إِلَّآ اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ | اور گواہی دیتا ہوں میں کہ نہیں کوئی معبود سوائے اللہ کے جو واحد ہے نہیں ہے کوئی شریک اسکا۔ |
| وَ أَشْهَدُ أَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَ رَسُوْلُهٗ | اور گواہی دیتا ہوں میں کہ محمد اسکے بندے اور اسکے رسول ہیں۔ |
| يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ اتَّقُوْا رَبَّكُمُ الَّذِيْ خَلَقَكُمْ مِّنْ نَّفْسٍ وَّاحِدَةٍ وَّ خَلَقَ مِنْهَا زَوْجَهَا | اے لوگوں ڈرو اپنے رب سے جس نے پیدا کیا تم کو ایک جان سے اور پیدا کیا اسی سے اس کا جوڑا۔ |
| وَ بَثَّ مِنْهُمَا رِجَالًا كَثِيْرًا وَّ نِسَآءً ۚ | اور پھیلا دیئے ان دونوں سے کثرت سے مرد اور عورتیں |
| وَ اتَّقُوا اللّٰهَ الَّذِيْ تَسَآءَلُوْنَ بِهٖ وَ الْاَرْحَامَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلَيْكُمْ رَقِيْبًا | اور ڈرتے رہو اللہ سے وہ ہستی کہ سوال کرتے ہو تم ایک دوسرے سے جس کے واسطے سے اور رشتوں سے۔ بیشک اللہ ہے تم پر نگہباں۔ |
| يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ حَقَّ تُقٰتِهٖ وَ لَا تَمُوْتُنَّ اِلَّا وَ اَنْتُمْ مُّسْلِمُوْنَ | اے وہ لوگوں جو ایمان لائے ڈرو اللہ سے جیسا کے حق ہے اس سے ڈرنے کا اور نہ ہرگز موت آئے تمہیں مگر یہ کہ تم مسلمان ہو۔ |
| يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ وَقُوْلُوْا قَوْلًا سَدِيْدًا ۙ | اے وہ لوگوں جو ایمان لائے ہو ڈرو اللہ سے اور کہا کرو بات سیدھی۔ |
| يُّصْلِحْ لَكُمْ اَعْمَالَكُمْ وَ يَغْفِرْ لَكُمْ ذُنُوْبَكُمْ وَمَنْ يُّطِعِ اللّٰهَ وَ رَسُوْلَهٗ فَقَدْ فَازَ فَوْزًا عَظِيْمًا | سنوار دے گا وہ تمہارے لئے تمہارے اعمال اور بخش دے گا تمہاری خاطر تمہارے گناہوں کو۔ اور جو کوئی اطاعت کرے گا اللہ اور اسکے رسول کی تو بیشک وہ مراد پائے گا۔ بہت بڑی مراد۔ |

| | |
|---|---|
| اَلنِّكَاحُ مِنْ سُنَّتِي فَمَنْ رَّغِبَ عَنْ سُنَّتِي فَلَيْسَ مِنِّي (حدیث) | نکاح میری سنت ہے جس نے اعراض کیا میری سنت سے وہ نہیں ہے مجھ سے (حدیث) |

# ایجاب قبولیت نکاح

نکاح میں دو بالغ گواہوں کی موجودگی ضروری ہے۔ بہتر ہے کہ ایک ایک گواہ دونوں طرف سے ہو

دولہا اور دلہن کے درمیان باہمی رضامندی کی قبولیت کا عمل۔

**ایجاب** - دلہن سے پوچھا جائے کہ وہ دولہا۔ کا۔ نام کو اپنا شوہر قبول کرنے پر راضی ہے۔

**قبولیت**۔ اس کا جواب جی ہاں میں ہونا چاہیئے۔

**ایجاب** - دولہا سے پوچھا جائے کہ وہ دلہن۔ کا۔ نام کو اپنی بیوی قبول کرنے پر راضی ہے۔

**قبولیت**۔ اس کا جواب جی ہاں میں ہونا چاہیئے۔

مہر: وَ اٰتُوا النِّسَآءَ صَدُقٰتِهِنَّ نِحۡلَةً اور دے دیا کرو عورتوں کو ان کے مہر خوشی سے ۔ النساء ۴:۴۔

اور دیا کرو اپنی عورتوں کو ( شادی پر ) انکا تحفہ نکاح ( مہر۔جہیز ۔اسوقت / بعد میں )

بتادیں پہلے سے طے شدہ مہر اگر وہ اسے قبول ہو۔ اسکو لکھ لیا جائے۔

شہری انتظامیہ کی طرف سے قانونی شادی کا لائیسنس - ( نکاح سے پہلے موصول ہونا چاہیئے )۔

شہری کاغذات مکمل کریں۔ دولہا دلہن اور گواہوں کے دستخط کرائیں۔

اللہ سے دعا کریں دولہا کے لئے دلہن کے لئے خاندان والوں اور مہمانوں کے لئے

Hafizkhan@sbcglobal.net